**18/02/2025**

**09.25 AM(5 min)**

**آداب**

**یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔**

**اب آپ تجمل احمد سے خبریں سُنئے**

**وزیر اعظم**

**وزیر اعظم نریندر مودی آج نئی دلی میں قطر کے امیر شیخ تمیم بن حماد الثانی کے ساتھ دو طرفہ بات چیت کریں گے ۔ اس دوران دونوں ملکوں کے درمیان باہی رشتوں کو مستحکم کرنے سے جڑے امور پر توجہ مرکوزکی جائے گی ۔ شیخ تمیم کا آج راشٹر پتی بھون میں رسمی طور استقبال کیا جائے گا ۔**

**امت شاہ**

**وزیر داخلہ امت شاہ آج جموں کشمیر میں نئے فوجداری قوانین کی عمل آوری کا جائزہ لیں گے ۔ اس میٹنگ میں لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا اور وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ بھی شرکت کر رہے ہیں۔**

**جتیندر سنگھ**

**جموں نے نہایت ہی کم IIT سائنس اور ٹیکنالوجی کے وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کہا ہے کہ وقت میں قابل فخر ترقی حاصل کی ہے ۔ کل وہاں لگائی گئی نمائش کا افتتاح کرنے کے بعد تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ادارے کے بانی ڈائریکٹر پروفیسر منوج گور اور ان کی ٹیم نے اس ادارے کو معیار کی بلندیوں تک پہنچانے میں کلیدی کردار ادا کیا ۔**

**PMAG**

**وادی میں پر دھان منتری آواس یوجنا گرامین کے پہلے مرحلے کے تحت کا فی تعداد میں مستحقین مستفید ہوئے ہیں اور دوسرے مرحلے کی عمل آوری جا ری ہے۔ اس بارے میں آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے ڈائریکٹر رورل ڈیولپمنٹ کشمیر شبیر حسین بٹ نے کہا۔**

**گیانیش کمار**

**الیکشن کمشنر گیانیش کمار کو ملک کا چیف الیکشن کمشنر مقرر کیا گیا ہے جبکہ ڈاکٹر وویک جوشی نئے الیکشن کمشنر ہوں گے ۔ یہ فیصلہ کل نئی دلی میں وزیر اعظم نریندر مودی کی سربراہی والی تین رکنی کمیٹی کی میٹنگ کے دوران لیا گیا ۔**

**عنایت جہانگیر**

**پوری دنیا کے اقتصادی منظر نامے میں سیاحتی شعبے کو ریڈ کی ہڈی کی حیثیت حاصل ہے اور آبادی کی ایک کثیر تعداد کو اس شعبے سے روزگار حاصل ہو رہا ہے۔ جمونو کشمیر بھی سیاحتی اعتبار سے نئی منزلوں کو چھو رہا ہے۔ تاہم یہاں کے تمام سیاحتی مقامات کو ماحولیات کے تقاضوں کے عین مطابق تحفظ دینے کی ضرورت ہے۔ اس ضمن میں سینئر صحافی عنایت جہانگیر نے اپنے خیالات کا یوں اظہار کیا۔**

**شو راج سنگھ چوہان**

**دیہی ترقی اور زراعت کے مرکزی وزیر شو راج سنگھ چوہان آج رایسن مدھیہ پردیش میں 26 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام تین علاقوں کے 152 شہری بلدیاتی اداروں میں NAKSHA پروگرام کا افتتاح کریں گے ۔**

**چیف سیکریٹری**

**چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے کل جموں میں ایک میٹنگ کے دوران محکمہ صحت کی طرف سے ” صحت App “ تیار کی گئی کی خصوصیات اور اس کے کام کرنے کے طریقہ کار کا جائزہ لیا ۔**

**چیف سیکریٹری کو بتایا گیا کہ یہ ایپ مریضوں کے ساتھ ساتھ طبی پیشہ وروں کے لئے بھی کافی فائدہ مند ثابت ہو گی ۔**

**بڈگام**

**بڈگام ضلع انتظامیہ نے ضلعے میں شمسی توانائی کے شعبے کو فروغ دینے کےلئے PMسوریہ گھر مفت بجلی یوجنا کے تحت تمام سرکاری عمارتوں کی سولرائزیشن کرنے کا عمل شروع کیا ہے۔ ضلعے کے ترقیاتی کمشنر اکشے لابرو نے کہا ہے کہ اگلے تین ماہ کے اندر ضلعے کی90عمارتوں کو اس یوجنا کے دائرے میں لایا جائے گا۔**

**گاندربل**

**ڈپٹی کمشنر گاندربل جتن کشور نے ایک میٹنگ کے دوران ضلع میں محکمہ صحت کے کام کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے صحت محکمے کی طرف سے عملائے جا رہے تمام پروجیکٹوں کی بر وقت تکمیل کو یقینی بنانے کی ہدایات دیں ۔**

**اننت ناگ**

**ڈسڑکٹ لیگل سروسز ا تھارٹی اننت ناگ ضلع بھر میں تحصیل لیگل سروسز کمیٹیوں کے اشتراک سے8مارچ کو ضلع کورٹ کمپلیکس اننت ناگ اور تعلقہ عدالتوں میں قومی لوک عدالت کا اہتمام کر رہی ہے جس میں مختلف نوعیت کے معاملات شنوائی کے لئے اٹھائیے جائیں گے۔**

**ناظم تعلیم کشمیر**

**ناظم تعلیم کشمیر ڈاکٹر جی این ایتو نے کل ضلع سرینگر میں دسویں جماعت کے امتحانات کے سلسلے میں متعدد امتحانی مراکز کا دورہ کر کے وہاں طلباءکے لئے دستیاب سہولیات کا جائزہ لیا ۔**

**پولیس**

**سرینگر پولیس نے نقب زنی کے دو معاملات کو حل کر کے تین افراد کو گرفتار کیا ہے ۔ ان کے قبضے سے چوری کئے گئے کچھ موبائل فون اور نقدی بھی بر آمد کی گئی ہے ۔**

**درجہ حرارت**

**سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت منفی 0اعشاریہ8 ڈگری جبکہ جمو ں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 10 اعشاریہ 4 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔**

**اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔**

**خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔**

**ہمیں دیجئے اجازت**

**خدا حافظ**